مرکب اضافی وہ ہے جس میں ایک چیز کو دوسری چیز کی طرف منسوب کیا گیا ہو۔اس کا پہلا جزو مضاف اور دوسرا جزو مضاف الیہ کہلاتا ہے۔مضاف ہمیشہ مرفوع ہوتا ہے اور مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے، جیسے : رسولُ اللهِ ۔ عبادُ الرحمٰنِ۔ اصحابُ الجنةِ۔ ربُ المشرقینِ ۔ غلیظ القلب۔ صبغة الله ۔ بدیع السموات ۔ لیلة الصیام۔ خاتم النبیین۔

مرکب بنائی وہ ہوتا ہے جس میں دو اسموں کو ایک کر دیا گیا ہو اور دوسرے اسم میں کوئی حرف ضم ہو جیسے:احد عشر سے لے کر تسعة عشر تک۔یہ دراصل احد وعشر اور تسعة وعشر تھا،واو کو حذف کر کے دونوں اسموں کو ایک کر دیا گیا۔ان کے دونوں جزو فتح پر مبنی ہوتے ہیں،سوائے اثنا عشر کے،اس کا پہلا حصہ معرب ہوتا ہے۔

مرکب منع صرف وہ ہوتا ہے جس میں دو اسموں کو ایک کر دیا گیا ہو مگر دوسرے اسم میں کوئی حرف ضم نہ ہو جیسے : بعلبك،حضر موت، سیبویه۔ اس کا پہلا جزو فتح پر مبنی ہوتا ہے اور دوسرا جزو معرب ہوتا ہے۔

مرکب صوتی وہ ہوتا ہے جس میں جانوروں کی آواز کو ظاہر کیا جائے ، جیسے :بَخ بَخ ، غاقِ غاقِ ۔اُح اُح۔

مرکب مفید ایک مکمل بات ہوتی ہے ،جس کے سننے والے کو کوئی خبر یا طلب معلوم ہو جائے۔اسے جملہ یا کلام بھی کہتے ہیں۔جملے کی دو قسمیں ہیں: جملہ خبریہ اور جملہ انشائیہ۔جملہ خبریہ وہ ہے جس کے بولنے والے کو سچا یا جھوٹا کہہ سکیں۔اس کی دو قسمیں ہیں:

اگر اس کا پہلا جزو اسم ہو تو اسے جملہ اسمیہ خبریہ کہتے ہیں ۔جیسے : الله احد۔ الله نور۔ الطیرة شرك ۔القرآن حجة۔ النبی اولیٰ۔ الماء طهور۔ الفخذ عورة ۔ الصلوٰة برهان ۔ المال فتنة۔ الصوم جنة۔ الحج عرفة ۔الطلاق مرتٰن ۔ المومنون اخوة ۔الحیاء ایمان ۔ الحرب خدعة۔ الحلال بین۔ اَلحَرَمُ بین۔ اس کے پہلے حصے کو مبتداء اور دوسرے حصے کو خبر کہتے ہیں۔مبتداء کو مسند الیہ اور خبر کو مسند بھی کہتے ہیں۔

Islam The World Religion

عام طور پر مبتداء پہلے آتا ہے اور خبر اس کے بعد آتی ہے۔ لیکن اگر خبر پر زور دینا مقصود ہو یا اس کا حصر مقصود ہو تو خبر مقدم اور مبتداء مؤخر ہوتا ہے، جیسے: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اور القول قوله۔

اور اگر پہلا جزو فعل ہو تو اسے جملہ فعلیہ خبریہ کہتے ہیں جیسے: سمع الله۔ قال الرسول۔ صدق المرسلون۔ ذهبت النبوة۔ ينزل ابن مريم۔ جف القلم۔ هلك المتنطعون۔ افلح المومنون۔ يجنبها الاتقى۔ جاء الحق۔ زهق الباطل۔ اس کے پہلے جزو کو فعل اور دوسرے کو فاعل کہتے ہیں۔

اگر فاعل مذکر ہے تو فعل بھی مذکر ہوگا اور اگر فاعل مؤنث ہے تو فعل بھی مؤنث ہوگا۔ اگر فاعل مؤنث حقیقی ہو اور فعل اور فاعل کے درمیان کوئی دوسرا لفظ موجود ہو تو اس صورت میں فعل مؤنث بھی ہو سکتا ہے اور مذکر بھی، جیسے: جاءت اليوم فاطمة کی بجائے جاء اليوم فاطمة بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اگر فاعل مؤنث غیر حقیقی ہو اور اسم ظاہر ہو تو فعل کو مذکر اور مؤنث دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں، جیسے: طلعت الشمس کی بجائے طلع الشمس بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اگر فاعل جمع مکسر ہو تو فعل کو مذکر اور مؤنث دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں، جیسے: قالت الرجال کی بجائے قال الرجال بھی پڑھ سکتے ہیں۔ جملے میں سب سے پہلے فعل، پھر فاعل اور پھر مفعول کا ذکر کیا جاتا ہے، جیسے: قتل داؤد جالوت۔

فعل کو مسند اور فاعل کو مسند الیہ بھی کہتے ہیں۔ مسند سے مراد حکم ہے اور مسند الیہ وہ ہوتا ہے جس پر حکم لگایا جائے۔

جملۂ ظرفیہ

یہ جملہ ظرف اور مظروف سے مرکب ہوتا ہے، جیسے: عندی مال۔ اس میں عندی ظرف ہے اور مال مظروف ہے۔ في السماء سمك۔ ان دونوں جملوں میں مبتداء مؤخر ہے اور خبر مقدم ہے۔ یہ دونوں جملے اسمیہ ظرفیہ ہیں۔

Islam The World Religion

جملہِ شرطیہ

یہ جملہ شرط اور جزاء سے مرکب ہوتا ہے، جیسے: إِنْ تَنْصُرُوا اللَّهَ يَنْصُرْكُمْ (محمد: 7)۔ اس کا پہلا حصہ شرط اور دوسرا جزاء ہوتا ہے۔ یہ دو جملوں سے مرکب ہوتا ہے، جن میں سے دونوں جملے فعلیہ ہوتے ہیں یا ایک فعلیہ اور دوسرا اسمیہ ہوتا ہے۔

آپ نے غور کیا ہوگا کہ جملہ خبریہ کی صرف دو ہی قسمیں ہیں: اسمیہ اور فعلیہ۔ باقی دو قسموں کے اندر بھی ان دو قسموں میں سے کوئی نہ کوئی قسم موجود ہوتی ہے۔

صفاتِ جملہ

صفاتِ جملہ نو (9) ہیں: مبینہ، وہ ہے جو سابقہ کلام کو واضح کرے، جیسے: الكلمة على ثلاثة اقسام: اسم وفعل وحرف۔ معللة وہ ہے جو اپنے سے پہلے والے کلام کی علت بتائے، جیسے: حدیث شریف میں ہے: لا تصوموا فی هذه الايام فانها ايام اكل و شرب۔ جملہِ معترضہ وہ جملہ ہے جو کسی جملے کے درمیان غیر متعلقہ بات کے طور پر کسی ضرورت کے تحت وارد کیا گیا ہو، جیسے سورۃ القیامۃ میں فرمایا: لَا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ اور احادیث میں آتا ہے: قال رسول الله ﷺ ۔ اور إعلم ارشدك الله تعالىٰ۔ مستانفة وہ ہے جو سائل کے سوال کو واضح کرے، جیسے: لما رفعت زيدا لانه فاعل۔ نتیجیہ وہ ہے جو کلام سابق کے نتیجے کے طور پر بیان کیا جائے، جیسے: نبينا خاتم النبيين فليس بعده نبی۔ ابتدائية وہ ہے جو کسی کلام کی ابتداء میں واقع ہو، جیسے: الكلمة على ثلاثة اقسام۔ مقطوعہ وہ ہے جو بغیر کسی ربط کے واقع ہو جائے، جیسے: الباب الثانی فی ابواب الصرف۔ حالیہ وہ ہوتا ہے جو حال اور ذوالحال سے مل کر بنے، جیسے: انا ارسلنك شاهدا۔ معطوفہ وہ ہوتا ہے جو سابقہ کلام پر معطوف ہو، اس کی مثالیں کلامِ عرب میں بہت ہیں۔

مرکب غیر مفید ہمیشہ جملے کا جزو ہوتا ہے۔ یہ جملہ اسمیہ خبریہ میں مبتداء بھی ہوسکتا ہے

Islam The World Religion

جیسے:طلب العلم فریضۃ۔مطل الغنی ظلم۔ اَوَّلُ الْاَنْبِیَاءِ آدَمُ وَآخِرُھُمْ مُحَمَّدٌ (کتاب الاوائل للطبرانی:39) ۔عذاب القبر حق ۔حق اللہ احق۔شر البلدان اسواقھا۔امراۃ ولود احب الی اللہ۔الید العلیاء خیر من الید السفلیٰ۔التاجر الصدوق مع النبیین۔الطاعم الشاکر کالصائم الصابر۔ نیۃ المومن خیر من عملہ۔

مرکب غیر مفید خبر بھی بن سکتا ہے جیسے: محمد رسول اللہ ۔ اللہ نور السمٰوٰت ۔ المومن مرآۃ المومن۔ المسلم اخو المسلم۔الغنی غنی النفس۔العلماء ورثۃ الانبیاء۔ حمزۃ اسد اللہ۔ الطھور شطر الایمان۔الجرس مزامیر الشیطان۔الدنیا سجن المومن۔الدعاء مخ العبادۃ۔ ابو بکر وعمر سیدا کھول اھل الجنۃ ۔ الحسن والحسین سیدا شباب اھل الجنۃ۔

اسی طرح مرکب غیر مفید جملہ فعلیہ میں فاعل بھی بن سکتا ہے جیسے: قال اصحاب النار۔ اللہ عفو غفور ۔ قتل اصحاب الاخدود ۔ جاء رسول اللہ ۔ قال اللہ تعالیٰ ۔قام رجل صالح ۔ خطب عمر الفاروق ۔جلس اصحابہ۔ عق رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔ یسلم الرجل الراکب۔

جملہ انشائیہ وہ ہوتا ہے جس کے بولنے والے کو سچا یا جھوٹا نہ کہہ سکیں۔ اس کی دس قسمیں ہیں: امر، نہی، استفہام، تمنی، ترجی، عقود، ندا، عرض، قسم، تعجب۔

امر: حکم دینے کو کہتے ہیں جیسے: اضرب، اسکن، اسجدوا، ادخلوا، اھبطوا، آمنوا، اعبدوا۔ *نہی منع کرنے کو کہتے ہیں جیسے:* لا تقتلوا، لا تقنطوا، لا تحزن، لا تفرقوا، لا تخف، لا تفسدوا، لا تحرك۔ *استفہام سوال کرنے کو کہتے ہیں جیسے:* ء انتم اعلم؟ ، ھل انتم منتھون؟ ، ھل من مزید؟ الیس فیکم رجل رشید؟ ، ھل لك خادم؟ ، ھل تزوجت؟ ھل لکم انماط؟ ۔

تمنی خواہش کرنے کو کہتے ہیں جیسے: یَا لَیْتَنِی کُنْتُ تُرَابًا (النباء: 40)۔

Islam The World Religion

لَيْتَ رَجُلًا مِنْ أَصْحَابِي صَالِحًا يَحْرُسُنِي (البخاری : 2885)۔ لَيْتَ هٰذَا عِنْدِي (البخاری : 3734)۔ لَيْتَ أَنَّ اللهَ قَوَّانَا لِذٰلِكَ (مسلم : 1162)۔ يَا لَيْتَ أُمِّي كَانَتْ أَزْدِيَّةً (الترمذی : 3937)۔ يَا لَيْتَ إِخْوَانَنَا يَعْلَمُونَ (المسند لاحمد بن حنبل : 2388)۔ لَيْتَ أَنِّي رَأَيْتُ رَجُلًا مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (المسند لاحمد بن حنبل : 19808)۔

ترجی: امید رکھنے کو کہتے ہیں جیسے: فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَفْسَكَ (الکهف : 6)۔ لَعَلَّ اللهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ أَمْرًا (الطلاق : 1)۔ لَعَلَّ اللهَ قَدِ اطَّلَعَ إِلَى أَهْلِ بَدْرٍ (البخاری ترجمة الباب قبل حدیث : 6106)۔ لَعَلَّ اللهَ يُوَفِّقُنِي (المسند لاحمد بن حنبل : 2149)۔ لَعَلَّ اللهَ أَنْ يُصْلِحَ بِهِ بَيْنَ فِئَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ (3629)۔ لَعَلَّ اللهَ أَنْ يَتَجَاوَزَ عَنَّا (البخاری : 2078)۔ لَعَلَّ اللهَ أَنْ يَرْزُقَنِي شَهَادَةً (ابو داود : 591)۔ لَعَلَّ اللهَ أَنْ يَنْفَعَكَ بِهَا بَعْدِي (مسلم : 1226)۔

عقود: معاہدے یعنی عقد کو کہتے ہیں جیسے: اجبت۔ قبلت۔ بعت، اشتریت۔

نداء: سے مرد آواز دینا ہے جیسے: یا اللہ۔ یا نبی اللہ۔ یا ایها الناس۔ یا ایها الانسان۔ یا ایها الکافرون۔ یا عبادی۔ یا حی یا قیوم۔ *بعض اوقات منادیٰ کا آخری حرف اختصار کے پیش نظر کاٹ دیا جاتا ہے ایسے منادیٰ کو منادیٰ مرخم کہتے ہیں۔ اس کے لیے شرط یہ ہے کہ ایسا منادیٰ اسم علم ہو اور مفرد ہو اور اس میں تین سے زائد حروف ہوں، جیسے:* یا حار، یا عائش، *یہ دراصل* یا حارث یا عائشة *تھے۔*

عرض: پیشکش کو کہتے ہیں جیسے: الا اخبرك براس الامر كله۔ الا اخبركم بخيركم۔ الا ادلك على ابواب الخير۔ الا اصلى بكم صلوة رسول اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الا اعلمك كلمات۔ الا اخبركم بشر الناس۔

قسم: سے مراد حلف اٹھانا ہے جیسے: واللہ۔ تاللہ، باللہ۔ لعمرك۔ والقرآن ذی الذكر۔ وَالتِّينِ وَالزَّيْتُونِ، وَطُورِ سِينِينَ، وَهٰذَا الْبَلَدِ الْأَمِينِ (التين : 1

Islam The World Religion

3،2)۔ وَالشَّمْسِ وَضُحَاهَا، وَالْقَمَرِ إِذَا تَلَاهَا، وَالنَّهَارِ إِذَا جَلَّاهَا (الشمس: 1، 2، 3)۔ والذی نفسی بیدہ ۔ قسم کے لیے حَلَفَ اور اَقْسَمَ بھی استعمال ہوتے ہیں۔ قسم اٹھا کر جس حقیقت کو بیان کرنا مقصود ہوتا ہے اسے جوابِ قسم کہتے ہیں، جیسے: وَالضُّحٰی، وَاللَّيْلِ إِذَا سَجٰى، مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى۔ واللہ لاقاتلن من فرق بین الزکوٰۃ والصلوٰۃ۔

تعجب: سے مراد حیرانی ہے جیسے: قتل الانسان ما اکفرہ۔ مَا أَحْسَنَهٗ مِنْ حَدِيثٍ۔ اسمع بهم وابصر۔ احسن به۔

اسم، فعل اور حرف کی شناخت تجربے سے خودبخود ہو جاتی ہے۔ اسم کی اہم علامات یہ ہیں:

شروع میں الف لام کا ہونا جیسے: الحمد۔ الکتاب۔ العالم۔ الرحمٰن۔ الدین۔ الیوم۔ اللیل۔ الصراط۔ المغضوب۔ الضال۔ آخری حرف پر تنوین کا ہونا جیسے: سواءٌ۔ غشاوۃٌ۔ عذابٌ۔ عظیمٌ۔ الیمٌ۔ محمدٌ۔ رسولٌ۔ نبیٌ۔ ظلمٰتٌ۔ صیبٌ۔ رعدٌ۔ برقٌ۔

مضاف ہونا یا مضاف الیہ ہونا جیسے: رب العالمین۔ یوم الدین۔ ربھم۔ قلوبھم۔ ابصارھم۔ عھد اللہ۔ لیلۃ الصیام۔ اجرھم۔ حفظھما۔ قول رسول۔ آل فرعون۔

مصغر ہونا جیسے: عزیر۔ نعیم۔ فضیل۔ انیس۔ عمیر۔ نغیر۔ قریش۔ بریدۃ۔ عبید۔ خویدم۔

منسوب ہونا جیسے: عربی۔ عجمی۔ خدری۔ غفاری۔ اشعری۔ ھاشمی۔ بغدادی۔ مکی۔ مشرقی۔ ھندی۔

فعل کی اہم علامات یہ ہیں: اسکے شروع میں قد ہو جیسے: قد سمع۔ قد من۔ قد کان۔ قد قیل۔ قد جاء۔ قد علم۔ قد تعلمون۔ قد نام۔ قد افلح۔ قد غفر۔ قد خلق۔

Islam The World Religion

اس کے شروع میں س یا سوف ہو جیسے: سیقول ۔ سَنَسِمُهٗ ۔ سَتُبۡصِرُ ۔ سنزیں ۔ سَوۡفَ تَرَی ۔ سوف تعلمون ۔ سوف یعطیك ۔سَوۡفَ یُتَوَفیٰ ۔ سَوۡفَ أَتُوبُ ۔ سَوۡفَ أَعۡمَلُ ۔

امر یا نہی ہو جیسے: اهدِ ۔ اِضرب ۔ قُم ۔ دَع ۔ خُذ ۔ اَنفِق ۔ کُلوا ۔ آمِنوا ۔ اَعفُوا ۔ اُسجُدوا ۔ جاهِدوا ۔ صُوموا ۔ صلُّوا ۔ لا تقُم ۔ لا تُحرّك ۔ لا تقولوا ۔ لا تحسَبوا ۔ لا تعثَوا ۔ لاتشترُوا ۔ لاتقولوا ۔ لاترفعُوا ۔ لا تجسَّسُوا ۔ لا تَبَاغَضُوا ۔

حرف کی کوئی خاص پہچان نہیں، بس جو اسم یا فعل نہ ہو وہ حرف ہوگا، اہم حروف یہ ہیں: مِنۡ، اِلٰی، عَنۡ، عَلٰی، حَتّٰی، هَلۡ، اِلَّا، قَدۡ، سَوف، اَیۡ، نَعَمۡ، بَلٰی، اَجَلۡ، آلَا، لَوۡ، لَوۡلَا، ثُمَّ، بَلۡ، لٰکِنۡ، غیرَ، سِواء، لیس، حاشا، خلا، عدا، ما خلا، ما عدا ۔

جملہ کی ترکیب اور اس کی بناوٹ

کوئی جملہ دو لفظوں سے کم نہیں ہوتا، واضح طور پر دو لفظ ہوں جیسے: ضَرَبَ زَیۡدٌ یا دوسرا لفظ پوشیدہ ہو جیسے: اِضۡرِبۡ، اس میں اَنۡتَ پوشیدہ ہے۔ جملے میں اس سے زیادہ الفاظ بھی ہو سکتے ہیں، زیادہ الفاظ کی کوئی حد نہیں۔ جب کسی جملے میں بہت سے الفاظ ہوں اور وہ جملہ بہت لمبا ہو تو اس میں استعمال کیے گئے اسم، فعل اور حرف کی شناخت کرنا اور ان کا ایک دوسرے سے تعلق جاننا ضروری ہے، تاکہ معلوم ہو جائے کہ جملہ انشائیہ ہے یا خبریہ ہے۔ اگر خبریہ ہے تو اسمیہ خبریہ ہے یا فعلیہ خبریہ۔ اگر فعلیہ خبریہ ہے تو اس میں کون سا لفظ فاعل ہے اور کون سا لفظ مفعول۔ اگر اسمیہ خبریہ ہے تو کون سا لفظ مبتداء ہے اور کون سا خبر ہے۔ بعض اوقات مبتداء مرکب ہو سکتا ہے یعنی کئی لفظوں پر مشتمل ہو سکتا ہے اور بعض اوقات خبر مرکب ہو سکتی ہے۔ اسی طرح بعض اوقات فاعل بھی مرکب ہو سکتا ہے۔ بعض اوقات ان تمام چیزوں کے متعلقات بھی جملے میں موجود ہوتے ہیں۔ ان سب چیزوں کی وجہ سے جملہ کافی طویل ہو سکتا ہے۔ طالب علم کے لیے یہ سب کچھ سمجھنا ضروری ہے اور ہرگز مشکل نہیں ہے۔ مثلاً: زَیۡدٌ عَالِمٌ میں زید مبتداء ہے

Islam The World Religion

اور عَالِمٌ اس کی خبر ہے، جملہ اسمیہ مکمل ہوا۔ غُلَامُ زَیْدٍ عَالِمٌ میں غلام زید میں غلام مضاف ہے اور زید مضاف الیہ ہے۔ مضاف اور مضاف الیہ مل کر مبتداء بنے اور عالم اس مبتداء کی خبر بنا، اور جملہ اسمیہ مکمل ہوا۔ غلام زید عالم جید میں غلام زید مبتداء ہے اور عالم جید میں عالم موصوف ہے اور جید اسکی صفت ہے، صفت اور موصوف مل کر اپنے مبتداء کی خبر بنے، اس طرح جملہ اسمیہ مکمل ہوا۔ غلام زید الاسود عالم جید میں غلام زید موصوف ہے اور الاسود اس کی صفت ہے، صفت اور موصوف مل کر یعنی غلام زید الاسود مبتداء بنے ، اور عالم جید اس مبتداء کی خبر ہے۔ غلام زید الاسود عالم جید ماھر العلوم میں غلام زید الاسود مبتداء ہے، عالم موصوف ہے اور جید اس کی صفت ہے، ماھر مضاف ہے اور العلوم مضاف الیہ ہے، مضاف اور مضاف الیہ مل کر عالم کی دوسری صفت بنے، موصوف اپنی دو صفتوں کے ساتھ مل کر اپنے مبتداء کی خبر بنا، اس طرح جملہ اسمیہ خبریہ مکمل ہوا۔ اس طرح ذہین طالب علم خوب سمجھ سکتا ہے کہ مبتداء بھی لمبا ہوسکتا ہے اور خبر بھی لمبی ہوسکتی ہے، مگر بات کو سمجھنا ہرگز مشکل نہیں ہے۔ ایسے ہی جملہ فعلیہ خبریہ بھی فعل اور فاعل کے لمبا ہونے کی وجہ سے طویل ہوسکتا ہے۔

مزید مثالیں

تجوز الطهارة بالماء الطاهر فی نفسه۔ يُسْتَحب للمتوضیء أَن يَنْوِی الطَّهَارَة ويستوعب رَأسه بِالْمَسْحِ ويرتب الْوضُوء ۔ لَا تجوز الصَّلَاة عِنْد طُلُوع الشَّمْس وَلَا عِنْد قِيَامهَا فِي الظهيرة وَلَا عِنْد غُرُوبهَا ۔يكره اسْتِقْبَال الْقبْلَة فِي الْخَلَاء ۔ تجب صَلَاة الْعِيد على كل من تجب عَلَيْهِ صَلَاة الْجُمُعَة ۔النِّكَاح ينْعَقد بِالْإِيجَابِ وَالْقَبُول بلفظين يعبر بهما عَن الْمَاضِي ۔يجوز الرَّمْي بِكُل مَا كَانَ من أَجزَاء الأَرْض عندنا ۔ لَا يجوز إِحْدَاث بيعَة وَلَا كَنِيسَة فِي دَار الْإِسْلَام وَإِن انْهَدَمت البيع وَالْكَنَائِس الْقَدِيمَة أعادوها

Islam The World Religion

۔یجوز قَضَاء الْمَرْأَة فِي كل شَيْء إِلَّا فِي الْحُدُود وَالْقصاص ۔یجوز الِاصْطِيَاد بالكلب الْمعلم والفهد والبازی وَسَائِر الْجَوَارِح المعلمة ۔

سور الآدمی والفرس وما یوکل لحمه طاهر ۔فرض الطَّهَارَة غسل الْأَعْضَاء الثَّلَاثَة وَمسح الرَّأْس ۔الْمعَانِي الناقضة للْوُضُوء كل مَا يخرج من السَّبِيلَيْنِ وَالدَّم والقيح۔فرض الْغسْل الْمَضْمَضَة وَالِاسْتِنْشَاق وَغسل سَائِر الْبدن ۔ الطَّهَارَة من الاحداث جَائِزَة بِمَاء السَّمَاء والأودية والعيون والآبار والبحار ۔ مَوت مَا لَيْسَ لَهُ نفس سَائِلَة فِي الْمَاء لَا يُنجسهُ كالبق والذباب والزنابير وَالْعَقْرَب وَنَحْوهَا ۔ الْمسْح على الْخُفَّيْنِ جَائِز بِالسنةِ ۔أقل الْحيض ثَلَاثَة أَيَّام ولياليها وَمَا نقص من ذَلِك فَهُوَ اسْتِحَاضَة وَأَكْثَره عشرَة أَيَّام ولياليها وَالزَّائِد اسْتِحَاضَة ۔ تَطْهِير النَّجَاسَة وَاجِب من بدن الْمُصَلِّي وثوبه وَالْمَكَان الَّذِى يُصَلِّي عَلَيْهِ ۔فَرَائض الصَّلَاة سِتَّة التَّحْرِيمَة وَالْقِيَام وَالْقِرَاءَة وَالرُّكُوع وَالسُّجُود والقعدة فِي أخر الصَّلَاة مِقْدَار التَّشَهُّد ۔الزَّكَاة وَاجِبَة على الْحر الْعَاقِل الْبَالِغ الْمُسلم إِذا ملك نِصَابا ملكا تَاما وَحَال عَلَيْهِ الْحول ۔الادب جُنة للناس ۔ الجهل موت الاحياء ۔الناس اعداء لما جهلوا ۔العُجب آفة اللُّب ۔ الناس باللباس ۔الكريم يقبل العذر ۔ستة لا ثبات لها:ظل الحمام ،وخلة الاشرار ،والمال الحرام ،وعشق النساء ، والسلطان الجائر ،والثناء الكاذب ۔من خالف نفسه فقد عرف ربه ۔ من قل طعامه صح بطنه ۔

اسمِ معرفہ اور اسمِ نکرہ

اسم کی دو قسمیں ہیں: معرفہ اور نکرہ۔ معرفہ وہ اسم ہے جو خاص چیز پر بولا جائے، جیسے: زید، الکتاب، مکة۔ معرفہ کی سات قسمیں ہیں: اسم علم، جیسے: زید، عثمان، حسین،

Islam The World Religion

عائشة۔ اسم ضمیر، جیسے: ھو (وہ)، انت (تو)، انا (میں)۔ اسم اشارہ، جیسے: ھذا (یہ)، ذالك (وہ)، تلك (وہ ایک مونث)۔ اسم موصول، جیسے: الذی (جو ایک مرد)، التی (جو ایک عورت)، الذین (جو سب لوگ)۔ اسمِ منادیٰ جیسے: یا کریم، یا رجل، یا ولد۔ اسم معرف باللام جیسے: الدین، القیوم، المستقیم۔ وہ اسم جو معرفہ کی مذکورہ قسموں میں سے کسی ایک کی طرف مضاف ہو، جیسے: کتاب اللہ، یوم الحساب، قلب المومن۔ ان مثالوں میں مضاف بھی معرفہ ہو گیا ہے۔

نکرہ وہ اسم ہے جو عام چیز پر بولا جائے جیسے: قلم، کتاب، رجل۔ ان لفظوں سے کوئی خاص قلم یا کتاب یا مرد نہیں سمجھا جاتا بلکہ کوئی ایک قلم یا کتاب یا مرد ہو سکتا ہے۔

معرب اور مبنی کی بحث

بعض لفظوں کے آخری حرف کا اعراب کسی وجہ سے بدل سکتا ہے جیسے: کتابٌ۔ کتابٍ۔ کتاباً۔ او بعض الفاظ کا اعراب نہیں بدلتا جیسے: ضَرَبَ۔ یہ کبھی بھی ضَرَبُ۔ ضَرَبِ۔ نہیں ہوتا۔

زبر، زیر، پیش، کو اعراب کہا جاتا ہے۔ عربی میں زبر کو: نصب۔ زیر کو: جر۔ اور پیش کو: رفع کہتے ہیں۔ اعراب کی دو قسمیں ہیں: اعراب بالحرکۃ جیسے: اللهُ۔ اللهَ۔ اللهِ۔ اور اعراب بالحروف جیسے: رفع کی حالت میں مسلمون۔ اور نصب اور جر کی حالت میں مسلمین۔

جن الفاظ کا اعراب بدل سکتا ہے انہیں معرب کہا جاتا ہے اور جن کا نہیں بدلتا انہیں مبنی کہا جاتا ہے۔ بدلنے والے اعراب کا تعلق آخری حرف سے ہوتا ہے، اسی لیے اسے محل اعراب کہتے ہیں۔ بنیادی طور پر تین چیزیں مبنی ہوتی ہیں: فعل ماضی، امر حاضر معروف اور تمام حروف۔ انہیں مبنی الاصل کہا جاتا ہے۔

Islam The World Religion

اسم کے اعراب

بعض اسم مبنی الاصل کے مشابہ ہوتے ہیں، انہیں اسم غیر متمکن کہا جاتا ہے۔بعض اسم مبنی الاصل کے مشابہ نہیں ہوتے انہیں اسمِ متمکن کہا جاتا ہے۔

اسمِ متمکن کی اقسام:

اسمِ متمکن کی سات قسمیں ہیں۔

(1)۔ ہر اسم بنیادی طور پر مرفوع ہوتا ہے جب تک اس پر کوئی عامل آ کر عمل نہ کرے۔اسی لیے مبتدا ہمیشہ مرفوع ہوتا ہے۔خبر بھی مرفوع ہوتی ہے۔جو اسم کسی فعل کا فاعل ہو تو وہ بھی ہمیشہ مرفوع ہوتا ہے۔یعنی رفع کی حالت میں ہوتا ہے۔

اسم جب مفعول واقع ہو۔یا فاعل کا حال بتائے۔یا مفعول کا حال بتائے۔تو وہ ہمیشہ منصوب ہوگا، یعنی نصب کی حالت میں ہوگا۔

اسم جب مضاف الیہ ہو۔یا اس سے پہلے کوئی حرفِ جار ہو تو وہ ہمیشہ مجرور ہوگا یعنی حالتِ جر میں ہوگا۔حروفِ جارہ یہ ہیں:

با تا کاف لام واو مُنْذُ مُذْ خلَا رُبَّ

حاشا مِنْ عدَا فی عن علیٰ حتّٰی اِلیٰ

اگر اسم واحد ہو یا جمع مکسر تو حالتِ رفعی میں اس کے آخر کو رفع (ُ) آتا ہے جیسے: اَللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ۔ حالت نصبی میں نصب (َ) آتا ہے جیسے: اِنَّ اللّٰہَ غَفُورٌ رَّحِیْمٌ۔ اور حالتِ جری میں جر (ِ) آتا ہے جیسے: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

(2)۔ اگر اسم تثنیہ کا صیغہ ہو تو حالتِ رفعی میں اس کے آخر میں اَنِ لگتا ہے جیسے: اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ (البقرۃ : 229)۔ سَنَفْرُغُ لَکُمْ اَیُّهَ الثَّقَلَانِ (الرحمٰن: 31)۔ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتَانِ (الرحمٰن: 46)۔

اور حالت نصبی و جری میں یْنِ لگایا جاتا ہے جیسے: وَجَنَی الْجَنَّتَیْنِ

Islam The World Religion

دَانٍ(الرحمٰن:54)۔ فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ(النساء:11)۔

اثنان (دو) اور اثنتان کا اعراب بھی تثنیہ جیسا ہوتا ہے جیسے: اِثْنَانِ فَمَا فَوْقَهُمَا جَمَاعَةٌ(البخاری باب قبل حدیث :657)۔ لَا يَزَالُ هٰذَا الْأَمْرُ فِي قُرَيْشٍ مَا بَقِيَ مِنْهُمْ اثْنَانِ (البخاری : 3501)۔ إِذَا كَانُوا ثَلَاثَةٌ فَلَا يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُونَ الثَّالِثِ(البخاری :6288)۔

ثَمَانِيَةَ أَزْوَاجٍ مِنَ الضَّأْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ (الانعام: 143)۔ إِلَّا تَنْصُرُوهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللهُ إِذْ أَخْرَجَهُ الَّذِينَ كَفَرُوا ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْ هُمَا فِي الْغَارِ(التوبة: 40)۔ مَنْ كَانَ عِنْدَهُ طَعَامُ اثْنَيْنِ فَلْيَذْهَبْ بِثَالِثٍ (البخاری :602)۔

قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : "اثْنَتَانِ فِي النَّاسِ هُمَا بِهِمْ كُفْرٌ: الطَّعْنُ فِي النَّسَبِ وَالنِّيَاحَةُ عَلَى الْمَيِّتِ(مسلم : 67)۔ يَهْرَمُ ابْنُ آدَمَ وَتَشِبُّ مِنْهُ اثْنَتَانِ: الْحِرْصُ عَلَى الْمَالِ ، وَالْحِرْصُ عَلَى الْعُمُرِ (مسلم : 1047)۔ إِنَّ الصَّدَقَةَ عَلَى الْمِسْكِينِ صَدَقَةٌ ، وَعَلَى ذِي الرَّحِمِ اثْنَتَانِ صَدَقَةٌ وَصِلَةٌ(النسائی:2581)۔

يُوصِيكُمُ اللهُ فِي أَوْلَادِكُمْ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ ، فَإِنْ كُنَّ نِسَاءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ(النساء:12)۔

لَا حَسَدَ إِلَّا فِي اثْنَتَيْنِ: رَجُلٌ آتَاهُ اللهُ مَالًا فَسُلِّطَ عَلَى هَلَكَتِهِ فِي الْحَقِّ ،وَرَجُلٌ آتَاهُ اللهُ الْحِكْمَةَ فَهُوَ يَقْضِي بِهَا وَيُعَلِّمُهَا (البخاری:73)۔ لَا يَزَالُ قَلْبُ الْكَبِيرِ شَابًّا فِي اثْنَتَيْنِ: فِي حُبِّ الدُّنْيَا وَطُولِ الْأَمَلِ(البخاری:6420)۔

کلا (دونوں) اور کلتا (دونوں مؤنث) بھی حالت نصبی و جری میں کلی اور کلتی پڑھے جاتے ہیں جیسے : وَقَضَى رَبُّكَ أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا إِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا إِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ أَحَدُهُمَا أَوْ كِلَاهُمَا فَلَا تَقُلْ لَهُمَا أُفٍّ وَلَا تَنْهَرْهُمَا

Islam The World Religion

وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيمًا(بنی اسرائیل:23)۔ كَانَا يَسْقِيَانِ بِهٖ كِلَاهُمَا النَّخْلَ (البخاری: 2708)۔ يُقَالُ لِلْفَرِيقَيْنِ كِلَاهُمَا: خُلُودٌ فِيمَا تَجِدُونَ، لَا مَوْتَ فِيهَا أَبَدًا(ابن ماجة: 4327)۔

هٰذِهِ الْآيَةُ نَزَلَتْ فِي الْفَرِيقَيْنِ كِلَيْهِمَا(البخاری: 1643)۔ قَالَ سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: لَقَدْ جَمَعَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ يَوْمَ أُحُدٍ أَبَوَيْهِ كِلَيْهِمَا(البخاری: 4057)۔ رَغِمَ أَنْفُ، ثُمَّ رَغِمَ أَنْفُ، ثُمَّ رَغِمَ أَنْفُ، قِيلَ: مَنْ؟ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: مَنْ أَدْرَكَ أَبَوَيْهِ عِنْدَ الْكِبَرِ، أَحَدَهُمَا أَوْ كِلَيْهِمَا فَلَمْ يَدْخُلِ الْجَنَّةَ(مسلم: 2551)۔

کلا اور کلتا کا استعمال اکثر ضمیر کے ساتھ ہوتا ہے یعنی کلاھما یا کلیھما اور کلتاھما یا کلتیھما۔

(3)۔اگر کوئی اسم جمع مذکر سالم کا صیغہ ہو تو حالتِ رفعی میں ون اور حالت نصبی و جری میں ین بڑھانا چاہیے، جیسے: أُولٰئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَأُولٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (البقرة: 5)۔وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ قَالُوا إِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُونَ (البقرة: 11)۔قَدْ أَفْلَحَ الْمُؤْمِنُونَ، الَّذِينَ هُمْ فِي صَلَاتِهِمْ خَاشِعُونَ، وَالَّذِينَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُونَ، وَالَّذِينَ هُمْ لِلزَّكَاةِ فَاعِلُونَ، وَالَّذِينَ هُمْ لِفُرُوجِهِمْ حَافِظُونَ(المومنون: 1الی5)۔أُولٰئِكَ هُمُ الْوَارِثُونَ الَّذِينَ يَرِثُونَ الْفِرْدَوْسَ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ(المومنون: 10، 11)۔ثُمَّ إِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُونَ (المومنون:15)۔

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ صِرَاطَ الَّذِينَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ(الفاتحة:5، 6، 7)۔ ذٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ فِيهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ (البقرة:2)۔

وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ(البقرة: 16)۔ وَاللّٰهُ مُحِيطٌ بِالْكٰفِرِينَ(البقرة:

Islam The World Religion

19)۔ فَقَالَ اَنۡبِـُٔوۡنِیۡ بِاَسۡمَآءِ هٰۤؤُلَآءِ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ(البقرۃ : 31)۔ فَإِنَّهُمۡ غَيۡرُ مَلُوۡمِيۡنَ (المومنون : 6)۔ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحۡسَنُ الۡخٰلِقِيۡنَ(المومنون : 14)۔ وَمَا كُنَّا عَنِ الۡخَلۡقِ غٰفِلِيۡنَ(المومنون : 17)۔ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِیۡ نَجّٰنَا مِنَ الۡقَوۡمِ الظّٰلِمِيۡنَ(المومنون : 28)۔ وَقُلۡ رَّبِّ اَنۡزِلۡنِیۡ مُنۡزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنۡتَ خَيۡرُ الۡمُنۡزِلِيۡنَ(المومنون : 29)۔ فَبُعۡدًا لِّلۡقَوۡمِ الظّٰلِمِيۡنَ(المومنون : 41)۔

عشرون، ثلثون، اربعون سے تسعون تک کی دہائیوں کا اعراب بھی ایسا ہی ہوگا۔ حالت رفعی میں عشرون اور حالت نصبی وجری میں عشرین وغیرہ کہیں گے، ان دہائیوں کے بعد معدود ہمیشہ واحد اور منصوب ہوگا جیسے: فَاِنۡ يَّكُنۡ مِّنۡكُمۡ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ يَّغۡلِبُوۡا مِائَتَيۡنِ(الانفال: 65)۔ وَقُبِضَ رسول اللہ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ وَلَيۡسَ فِي رَأۡسِهِ وَلِحۡيَتِهِ عِشۡرُونَ شَعَرَةً بَيۡضَاءَ۔ فَأَقَمۡنَا عِنۡدَهُ عِشۡرِينَ لَيۡلَةً (البخاری: 628)۔ فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ خَطِيبًا صَبِيحَةَ عِشۡرِينَ مِنۡ رَمَضَانَ (البخاری: 813)۔ قَدِمَ عُمَرُ بۡنُ الۡخَطَّابِ فِي عِشۡرِينَ مِنۡ أَصۡحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ (البخاری: 3925)۔

اولو اور اولی کا اعراب بھی (حالت نصبی وجری میں) جمع مذکر سالم کی طرح ہوتا ہے جیسے: وَمَا يَذَّكَّرُ إِلَّا أُولُو الۡأَلۡبَابِ۔ وَلَا يَأۡتَلِ أُولُو الۡفَضۡلِ مِنۡكُمۡ وَالسَّعَةِ أَنۡ يُؤۡتُوا أُولِي الۡقُرۡبَىٰ وَالۡمَسَاكِينَ وَالۡمُهَاجِرِينَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ ، وَلۡيَعۡفُوا وَلۡيَصۡفَحُوا أَلَا تُحِبُّونَ أَنۡ يَغۡفِرَ اللّٰهُ لَكُمۡ وَاللّٰهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ [البقرۃ: 173]۔ وَإِذَا حَضَرَ الۡقِسۡمَةَ أُولُو الۡقُرۡبَىٰ ، وَالۡيَتَامَىٰ وَالۡمَسَاكِينُ فَارۡزُقُوهُمۡ مِنۡهُ (النسآء: 8)۔

اِنَّ فِیۡ خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَاخۡتِلَافِ الَّيۡلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِی الۡاَلۡبَابِ(آل عمران: 190)۔ غَيۡرِ أُولِي الۡإِرۡبَةِ (النور: 31)۔ إِنَّ مَفَاتِحَهُ لَتَنُوءُ بِالۡعُصۡبَةِ أُولِي الۡقُوَّةِ (القصص: 76)۔ أَطِيعُوا اللّٰهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي

Islam The World Religion

الْأَمْرِ مِنْكُمْ (النساء: 59)۔

آپ نے دیکھا کہ تثنیہ اور جمع مذکر سالم کا اعراب بالحروف ہے، اسی وجہ سے تثنیہ اور جمع کے آخر کا نون، نون اعرابی کہلاتا ہے۔

(4)۔ کوئی اسم جمع مؤنث سالم کا صیغہ ہو تو اس پر حالتِ رفعی میں رفع اور حالتِ نصبی و جری میں جر آیا ہے۔ جیسے: اَلرِّجَالُ قَوَّامُونَ عَلَى النِّسَاءِ بِمَا فَضَّلَ اللهُ بَعْضَهُمْ عَلَى بَعْضٍ وَبِمَا أَنْفَقُوا مِنْ أَمْوَالِهِمْ فَالصَّالِحَاتُ قَانِتَاتٌ حَافِظَاتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللهُ وَاللَّاتِي تَخَافُونَ نُشُوزَهُنَّ فَعِظُوهُنَّ وَاهْجُرُوهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوهُنَّ فَإِنْ أَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوا عَلَيْهِنَّ سَبِيلًا إِنَّ اللهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيرًا (النساء: 34)۔

عَسٰى رَبُّهٗۤ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ یُّبْدِلَهٗۤ اَزْوَاجًا خَیْرًا مِّنْكُنَّ مُسْلِمٰتٍ مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓىٕبٰتٍ عٰبِدٰتٍ سٰٓىٕحٰتٍ ثَیِّبٰتٍ وَّ اَبْكَارًا (التحریم: 5)۔

(5)۔ بعض اسم معرب ایسے ہیں جن پر تنوین نہیں آتی۔ یہ غیر منصرف کہلاتے ہیں۔ اسم غیر منصرف وہ ہوتا ہے جس میں منع صرف کے اسباب میں سے دو سبب پائے جاتے ہوں۔ منع صرف کے اسباب نو ہیں: عدل، وصف، تانیث، معرفہ، عجمہ، جمع، ترکیب وزنِ فعل اور الف و نون زائدتان۔ جیسے بالترتیب: عمر۔ احمر۔ طلحۃ۔ زینب۔ ابراھیم۔ مساجد۔ معدیکرب۔ احمد۔ عمران۔

ان پر حالتِ رفعی میں رفع اور حالتِ نصبی و جری میں نصب پڑھتے ہیں جیسے: وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ آمِنًا (ابراھیم: 35)۔ إِذْ قَالَتِ امْرَأَتُ عِمْرَانَ رَبِّ إِنِّي نَذَرْتُ لَكَ مَا فِي بَطْنِي (آل عمران: 35)۔ يُهِلُّ أَهْلُ مَكَّةَ مِنْ مَكَّةَ۔ سَمِعْتُ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا۔ قَالَ عُمَرُ: تَفَقَّهُوا قَبْلَ أَنْ تُسَوَّدُوا۔ لَعَنَ اللهُ الْيَهُودَ اتَّخَذُوا قُبُورَ أَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ۔ كَانَ رسول الله صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي وَهُوَ حَامِلٌ أُمَامَةَ بِنْتَ زَيْنَبَ بِنْتِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

Islam The World Religion

وَسَلَّم(البخاری: 516)۔وَكَانَتْ زَيْنَبُ تُنْفِقُ عَلَى عَبْدِ الله (البخاری: 1466)۔ وَبُعِثْتُ إِلَى كُلِّ أَحْمَرَ وَأَسْوَدَ(مسلم: 521)۔اَنَا مُحَمَّدٌ وَ اَنَا اَحْمَدُ (البخاری:3532)۔

مگر اسماء غیر منصرفہ جب معرف باللام ہوں یا مضاف تو حالت جری میں انہیں کسرہ دیا جائے گا جیسے:قَلْبُهُ مُعَلَّقٌ فِي الْمَسَاجِدِ۔

(6)۔ موسیٰ،عیسیٰ جیسے الفاظ پر اعراب نہیں بدلتا۔اس لیے تینوں حالتوں میں یکساں پڑھے جائیں گے،جیسے:جاء موسیٰ، رایت موسیٰ، ھو غلام موسیٰ۔ ایسے اسموں کو اسم مقصور کہتے ہیں۔

(7)۔القاضی،الجاری،الماضی جیسے الفاظ جن کے آخر میں ی ساکن ہو،حالت رفعی وجری میں ان پر جزم آتا ہے اور حالت نصبی میں ان پر نصب دیا جاتا ہے۔ایسے اسموں کو اسم منقوص کہتے ہیں جیسے:حالت رفعی میں جاء القاضی۔حالت جری میں : جاء غلام القاضی۔ حالت نصبی میں: رایت القاضی۔

لیکن اگر ان پر لام تعریف نہ ہو تو حالت رفعی وجری میں قاضٍ،عالٍ اور حالت نصبی میں قاضیاً،عالیاً وغیرہ پڑھے جاتے ہیں۔

ان کی جمع سالم حالت رفعی میں:قاضون ، عالون وغیرہ۔ یا حالت نصبی وجری میں:قاضین،عالین وغیرہ آتی ہے۔

ان کا تثنیہ عام قاعدہ کے مطابق ہو گا یعنی حالت رفعی میں۔اور قاضیان ، عالیان۔حالت نصبی وجری میں:قاضیین،عالیین۔

اسم غیر متمکن کی اقسام:

(1)۔ضمیریں : جیسے انا (میں ایک مرد یا ایک عورت)۔(2)۔ضربت۔ (3)۔ایای۔(4)۔ضربنی۔(5)۔لی۔کل ستر ضمیریں ہیں۔

Islam The World Religion

چودہ مرفوع متصل، چودہ مرفوع منفصل، چودہ منصوب متصل، چودہ منصوب منفصل اور چودہ مجرور متصل۔

مرفوع متصل: ضربت ، ضربنا ، ضربت ، ضربتما ، ضربتم ۔ ضربت ، ضربتما ، ضربتن ، ضرب ، ضربا ، ضربوا ، ضربت ، ضربتا ، ضربن۔

مرفوع منفصل: انا ، نحن ، انت ، انتما ، انتم ، انت ، انتما ، انتن ، هو ، هما ، هم ، هي ، هما ، هن۔

منصوب متصل: ضربني ، ضربنا ، ضربك ، ضربكما ، ضربكم ، ضربك ، ضربكما ، ضربكن ، ضربه ، ضربهما ، ضربهم ، ضربها ، ضربهما ، ضربهن۔

منصوب منفصل: اياي ، ايانا ، اياك ، اياكما ، اياكم ، اياك ، اياكما ، اياكن ، اياه ، اياهما ، اياهم ، اياها ، اياهما ، اياهن۔

مجرور متصل: لي ، لنا ، لك ، لكما ، لكم ، لك ، لكما ، لكن ، له ، لهما ، لهم ، لها ، لهما ، لهن۔

(2)۔اسمائے اشارات: ذا ، ذان ، ذين ، تا ، تي ، ته ، ذه ، تهي ، ذهي ، تان ، تين ، اولآء مد کے ساتھ اور اولیٰ قصر کے ساتھ۔

(3)۔اسمائے موصولہ: الذي ، اللذان ، اللذين ، التي ، اللتان ، اللتين ، اللاتي ، اللواتي ، ما ، من ، اي ، اية اور الف لام الذي کے معنی میں آتا ہے جبکہ وہ اسم فاعل اور اسم مفعول پر داخل ہو جیسے الضارب والمضروب اور قبیلہ بنی طے کی لغت میں ذو بھی الذی کے معنی میں آتا ہے جیسے جاء ذو ضربك یعنی الذي ضربك ، اي اور اية بعض صورتوں میں معرب ہیں۔

(4)۔اسمائے افعال: اسمائے افعال کی دو قسمیں ہیں اول بمعنی امر حاضر جیسے: رويد ، بله ، حيهل ، هلم ۔ دوم بمعنی فعل ماضی جیسے: هيهات ، شتان۔

Islam The World Religion

(5)۔اسمائے اصوات: جیسے اح اح، اف، بخ نخ، غاق۔

(6)۔اسمائے ظروف: اسمائے ظروف کی دو قسمیں ہیں:

(ا)۔ظرف زمان: جیسے اذ، اذا، متی، کیف، ایان، امس، مذ، منذ، قط، عوض، قبل اور بعد۔ جب یہ مضاف ہوں اور انکا مضاف الیہ محذوف منوی ہو تو مبنی ہوں گے۔

(ب)۔ظرف مکان: جیسے حیث، قدام، تحت اور فوق۔ جبکہ یہ مضاف ہوں اور ان کا مضاف الیہ محذوف منوی ہو تو مبنی ہوں گے۔

(7)۔اسمائے کنایات: (1)۔ کم اور کذا عدد کے لیے آتے ہیں۔

(2)۔ کیت اور ذیت گفتگو کے لیے آتے ہیں۔

(8)۔مرکب بنائی: جیسے احد عشر۔

جنس کے اعتبار سے اسم کی اقسام

جنس کے لحاظ سے اسم کی دو قسمیں ہیں: مذکر اور مؤنث۔ **مذکر:** مذکر وہ اسم ہے جس میں تانیث کی علامت نہ ہو جیسے: رجل۔ **مؤنث:** مؤنث وہ اسم ہے جس میں مونث کی علامت (علامتِ تانیث) ہو جیسے: امراۃ۔

علاماتِ تانیث چار ہیں: آخر میں تا ہو جیسے: طلحۃ۔ الف مقصورہ جیسے: حبلیٰ۔ الف ممدودہ جیسے: حمراء۔ تائے مقدرہ جیسے: ارض۔ یہ اصل میں: ارضۃ تھا۔ کیونکہ اس کی تصغیر: اریضۃ ہے اور تصغیر سے اسماء کی اصلیت کا پتہ چلتا ہے۔ اور اسے مونث سماعی کہتے ہیں۔

مؤنث کی دو قسمیں ہیں: مؤنث حقیقی اور مؤنث لفظی۔ مؤنث حقیقی وہ ہے کہ جس کے مقابلہ میں حیوانِ مذکر ہو جیسے: امراۃ۔ کہ اسکے مقابلہ میں: رجل ہے اور: ناقۃ۔ کہ اسکے مقابلے میں: جمل ہے۔ اور مؤنث لفظی وہ ہے جس کے مقابلے میں حیوانِ مذکر نہ ہو جیسے ظلمۃ اور: قوۃ۔

تعداد کے اعتبار سے اسم کی تین قسمیں ہیں۔ واحد، تثنیہ اور جمع۔ واحد: وہ اسم ہے جو ایک پر دلالت کرے جیسے رجل۔ مثنیٰ: وہ اسم ہے جو دو پر اس طرح دلالت کرے کہ اس کے آخر میں الف یا یاء ماقبل مفتوح اور نون مکسور ہو جیسے: رجلان اور رجلین۔ جمع: وہ اسم ہے جو دو یا

Islam The World Religion

دو سے زائد پر اس طرح دلالت کرے کہ اس کے واحد میں کوئی تبدیلی کی گئی ہو اور یہ تبدیلی لفظاً ہو جیسے: رجال۔ یا تقدیراً ہو جیسے: فُلك۔ اس کا واحد بھی: فُلك ہے قُفل کے وزن پر۔ اور جمع بھی فُلك ہے اُسد کے وزن پر۔

لفظی اعتبار سے جمع کی دو قسمیں ہیں۔ جمع مکسر اور جمع سالم۔ جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کی بناء سلامت نہ رہے۔ جیسے: رجالٌ، مساجدُ۔ ثلاثی میں جمع مکسر کے اوزان سماعی ہیں لیکن رباعی اور خماسی میں فعالل کے وزن پر آتے ہیں۔ جیسے : جعفر سے: جعافر۔ جحمرش سے: جحامر۔ پانچویں حرف کو حذف کر دیا جاتا ہے۔

جمع سالم وہ ہے جس میں واحد کی بنیاد سلامت رہے اس کی دو قسمیں ہیں۔: جمع مذکر اور جمع مؤنث۔ جمع مذکر وہ ہے جس میں واو ماقبل مرفوع اور نون منصوب ہو جیسے: مسلمون۔ یا یائے ماقبل مجرور اور نون منصوب ہو جیسے مسلمین۔ جمع مؤنث: وہ ہے جس کے آخر میں الف اور تاء کا اضافہ ہو جیسے: مسلمات۔

معنی کے اعتبار سے جمع کی دو قسمیں ہیں: جمع قلت اور جمع کثرت۔ جمع قلت وہ جمع ہے جو دس سے کم پر بولی جائے اور اس کے چار وزن ہیں۔ افعل: جیسے اکلُب۔ افعال جیسے: اقوال۔ فعلة جیسے: غلمة۔ افعلة جیسے اعونة۔ جمع مذکر سالم اور جمع مؤنث سالم جب الف لام کے بغیر ہوں تو وہ بھی جمع قلت میں شمار ہوتے ہیں۔ جیسے مسلمون اور مسلمات۔

جمع کثرت وہ جمع ہے جو دس یا دس سے زائد کے لیے استعمال ہو۔ مندرجہ بالا اوزان کے علاوہ باقی تمام اوزان جمع کثرت کے اوزان پر ہیں۔ جن میں سے چند مشہور یہ ہیں:

(1)۔ اِفعال جیسے: عباد۔ (2)۔ فعلاء جیسے: علماء۔ (3)۔ افعلاء جیسے: انبیاء۔ (4)۔ فعل جیسے: رُسل۔ (5)۔ فعول جیسے: نجوم۔ (6)۔ فعّال جیسے: خدّام۔ (7)۔ فعلی جیسے: مرضی۔ (8)۔ فعلة جیسے: طلبة۔ (9)۔ فعل جیسے: فرق۔ (10)۔ فعلان جیسے: غلمان۔

Islam The World Religion

عواملِ اعراب

عواملِ اعراب کی دوقسمیں ہیں: لفظی اور معنوی۔عواملِ لفظی کی تین قسمیں ہیں: حروف،افعال اوراسماء۔انہیں تین حصوں میں بیان کیا جائے گا۔

حروفِ عاملہ:

حروفِ عاملہ کی دوقسمیں ہیں: حروفِ عاملہ دراسم اور۔حروفِ عاملہ درفعل۔

حروف عاملہ دراسم کی پانچ قسمیں ہیں:

اول حروف جارہ: جواسم پرداخل ہوکراسے جردیتے ہیں اور یہ سترہ ہیں:

بَا، تَا، مِنۡ، اِلٰی، حَتّٰی، فِیۡ، لَامۡ، رَبُّ، وَاو قسم، تَاء قسم، عَنۡ، عَلٰی، کاف تشبیہ،، مُذۡ، مُنۡذُ، حَاشَا، خَلَا، عَدَا، جیسے اَلۡمَالُ لِزَیۡدٍ۔

دوم حروفِ مشبہ بفعل: یہ چھ حروف ہیں:

اِنَّ، اَنَّ، کَاَنَّ، لَیۡتَ، لٰکِنَّ، لَعَلَّ۔ یہ اپنے اسم کونصب اورخبرکورفع دیتے ہیں۔جیسے: اِنَّ اللہَ رءوفٌ۔ اللہ کواسم ان اور رءوف کو: خبر ان کہتے ہیں۔

اِنَّ اوراَنَّ حروفِ تحقیق ہیں اور کَاَنَّ حرف تشبیہ ہے۔لٰکِنَّ حرفِ استدراک،لیت حرفِ تمنی اورلَعَلَّ حرفِ ترجی ہے۔

سوم: ماو لا مشبہتان بلیس: یہ لیس والاعمل کرتے ہیں۔اپنے اسم کورفع اورخبرکونصب دیتے ہیں۔جیسے: مَا زَیۡدٌ قائماً میں زید ما کااسم اور قائما اس کی خبرہے۔

چہارم: لائے نفی جنس: اس لَا کا اسم اکثرمضاف منصوب ہوتا ہےاورخبرمرفوع ہوتی ہے جیسے: لَا غُلَامَ رَجُلٍ ظَرِیۡفٌ فِی الدَّارِ۔ اگرلا کے بعدمعرفہ ہوتودوسرے معرفہ کے ساتھ لا کی تکرارلازمی ہوگی اورلا کوئی عمل نہیں کرے گا۔اور یہ معرفہ مبتداء کہلوانے کی وجہ سے مرفوع ہوگا جیسے: لَا زَیۡدٌ عِنۡدِیۡ وَلَا عَمۡرٌوۡ۔ اگراس لَا کے بعدنکرہ مفردہ ہواورلَا دوسرے نکرہ مفردہ کے ساتھ مکرر ہوتواس میں پانچ وجوہ جائزہیں جیسے: لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ۔

Islam The World Religion

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ۔

پنجم حرفِ ندا: یہ پانچ ہیں: یا۔ ایا۔ ھیا۔ ای۔ ھمزہ مفتوحہ۔ یہ حروف منادی مضاف کو نصب دیتے ہیں جیسے: یا عبد اللہ۔ مشابہ مضاف کو بھی نصب دیتے ہیں جیسے: یا طالعا جبلا۔ اور منادیٰ نکرہ غیر معین کو بھی نصب دیتے ہیں جیسے نابینا آواز دیتا ہے: یا رجلا خذ بیدی۔

اگر منادیٰ مفرد معرفہ ہو تو رفع پر مبنی ہوگا۔ جیسے: یَازَیْدُ۔ یَازَیْدَانِ۔ یَامُسْلِمُوْنَ۔ یَامُوْسٰی۔ یَاقَاضِیْ۔ یَالُوْطُ اِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ۔

واضح رہے کہ: اَیْ اور ھمزہ قریب کے لیے۔ اَیَا اور ھَیَا: دور کے لیے۔ یا: قریب و بعید دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

حروف عاملہ در فعل مضارع کی دو قسمیں ہیں۔ وہ حروف جو فعل مضارع کو نصب دیتے ہیں۔ یہ چار حروف ہیں۔ اول: اَنْ جیسے: اُرِیْدُ اَنْ تَقُوْمَ کا معنی ہے: اُرِیْدُ قِیَامَكَ۔ اسی لیے اسے اَنْ مصدریہ کہتے ہیں۔ دوم: لَنْ جیسے: لَنْ یَّخْرُجَ زَیْدٌ۔ لَنْ نفی تاکید کے لیے ہے۔ سوم: کَیْ جیسے: اَسْلَمْتُ کَیْ اَدْخُلَ الْجَنَّةَ۔ چہارم: اِذَنْ جیسے: اِذَنْ اُکْرِمَكَ۔ اُس شخص کے جواب میں کہا جاتا ہے جو کہے: اَنَا اٰتِیْكَ غَدًا۔

درج ذیل چھ حروف کے بعد اَنْ مقدر ہوتا ہے جو فعل مضارع کو نصب دیتا ہے۔ حَتّٰی جیسے: مَرَرْتُ حَتّٰی اَدْخُلَ الْبَلَدَ۔ لام جحد جیسے: مَا کَانَ اللهُ لِیُعَذِّبَهُمْ۔ اَوْ بمعنی اِلٰی اَنْ یا اِلَّا اَنْ جیسے: لَاَلْزَمَنَّكَ اَوْ تُعْطِیَنِیْ حَقِّیْ۔ واو جیسے: لَا تَاْکُلِ السَّمَكَ وَ تَشْرَبَ اللَّبَنَ۔ لام کَیْ جیسے: اَسْلَمْتُ لِاَدْخُلَ الْجَنَّةَ۔ اس فا کے بعد جو چھ چیزوں میں سے کسی ایک کے جواب میں واقع ہو۔: امر، نہی، نفی، استفہام، تمنی اور عرض۔ جیسے:

امر: زُرْنِیْ فَاُکْرِمَكَ۔ نہی: لَا تَشْتِمْنِیْ فَاُهِیْنَكَ۔ نفی: مَا تَاْتِیْنَا فَتُحَدِّثَنَا۔ استفہام: اَیْنَ بَیْتُكَ فَاَزُوْرَكَ۔ تمنی: لَیْتَ لِیْ مَالًا فَاُنْفِقَ مِنْهُ۔ عرض:

Islam The World Religion

آلَا تَنْزِلُ بِنَا فَتُصِيبَ خَيْرًا۔

حروفِ عاملہ کی دوسری قسم وہ حروف ہیں جو فعل مضارع کو جزم دیتے ہیں یہ پانچ حروف ہیں: لم ، لما ، لامِ امر ، لائے نہی اور اِن شرطیہ جیسے: لَمْ يَنْصُرْ ۔ لَمَّا يَنْصُرْ ۔ لِيَنْصُرْ ۔ لَا تَنْصُرْ ۔ اِنْ تَنْصُرْ اَنْصُرْ ۔

حرف اِنْ دو جملوں پر داخل ہوتا ہے جیسے: اِنْ تَضْرِبْ اَضْرِبْ ۔ پہلے جملہ کو شرط اور دوسرے جملہ کو جزاء کہتے ہیں۔ اِنْ مستقبل کے لیے استعمال ہوتا ہے، خواہ ماضی پر آئے، اس صورت میں جزم تقدیری ہوگی، کیونکہ ماضی معرب نہیں ہوتا۔

جب شرط کی جزا، جملہ اسمیہ ہو، یا امر ہو، یا نہی ہو، یا دعا ہو، تو جزا میں فاء کا لانا لازمی ہوتا ہے۔ جیسے: اِنْ تَأْتِنِيْ فَأَنْتَ مُكْرَمٌ ۔ اِنْ رَاَيْتَ زَيْدًا فَاَكْرِمْهُ ۔ اِنْ اَتَاكَ عَمْرٌو فَلَا تُهِنْهُ ۔ اِنْ اَكْرَمْتَنِيْ فَجَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا ۔

افعالِ عاملہ

کوئی بھی فعل غیر عامل نہیں ہوتا اور عمل کے اعتبار سے فعل کی دو قسمیں ہیں: فعل معروف اور فعل مجہول۔ فعل معروف لازم ہو یا متعدی فاعل کو رفع دیتا ہے جیسے: قَامَ زَيْدٌ اور: ضَرَبَ زَيْدٌ۔ اور چھ اسموں کو نصب دیتا ہے: مفعول مطلق: جیسے: قَامَ زَيْدٌ قِيَامًا ۔ مفعول فیہ جیسے: صُمْتُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اور جَلَسْتُ فَوْقَكَ۔ مفعول معہ جیسے: جَاءَ الْبَرْدُ وَالْجُبَّاتِ یعنی مَعَ الْجُبَّاتِ۔ مفعول لہ جیسے: قُمْتُ اِكْرَامًا لِزَيْدٍ اور ضَرَبْتُهُ تَادِيْبًا۔ حال جیسے: جَاءَ زَيْدٌ رَاكِبًا۔ تمیز جیسے: طَابَ زَيْدٌ نَفْسًا ۔

اگر فعل متعدی ہو تو وہ مفعول بہ کو بھی نصب دیتا ہے جیسے: ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًا ۔ جبکہ فعل لازم مفعول بہ نہیں ہوتا۔

فاعل: وہ اسم ہے جس سے پہلے فعل ہو اور وہ اس اسم کی طرف اس طرح منسوب ہو کہ وہ فعل اسی اسم کے ساتھ قائم ہو جیسے: ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًا میں زَيْدٌ فاعل ہے۔

Islam The World Religion

مفعولِ مطلق: وہ مصدر ہے جس سے پہلے فعل ہو اور یہ مصدر اس کا ہم معنی ہو جیسے: ضَرَبْتُ ضَرْبًا میں ضَرْبًا اور قُمْتُ قِیَامًا میں قِیَامًا۔

مفعول فیہ: وہ اسم ہے جس میں فعل مذکور واقع ہو۔ اس کو ظرف بھی کہتے ہیں۔ ظرف کی دو قسمیں ہیں: ظرفِ زمان جیسے: صُمْتُ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ میں لفظ یَوْمَ ظرفِ زمان ہے۔ ظرفِ مکان جیسے: جَلَسْتُ عِنْدَكَ میں لفظِ عِنْدَ ظرف مکان ہے۔

مفعول معہ: وہ اسم ہے جو واوٗ بمعنی مع کے بعد واقع ہو جیسے: جَاءَ الْبَرْدُ وَ الْجُبَّاتِ میں الْجُبَّاتِ مفعول معہ ہے اور یہ واوٗ مَعَ کے معنی میں ہے۔ یعنی مَعَ الْجُبَّاتِ۔

مفعول لہ: وہ اسم ہے جو فعل مذکور کا سبب بننے والی چیز پر دلالت کرتا ہو جیسے: قُمْتُ اِکْرَامًا لِزَیْدٍ میں اِکْرَامًا مفعول لہ ہے۔

حال: وہ اسم ہے جو فاعل یا مفعول یا دونوں کی حالت پر دلالت کرے۔ فاعل کی حالت پر دلالت جیسے: جَاءَ زَیْدٌ رَاکِبًا۔ مفعول کی حالت پر دلالت جیسے: ضَرَبَ زَیْدًا مَشْدُوْدًا۔ دونوں کی حالت پر دلالت: لَقِیْتُ زَیْدًا رَاکِبَیْنِ۔ فاعل اور مفعول کو ذوالحال کہتے ہیں اور وہ اکثر معرفہ ہوتا ہے اور اگر کبھی نکرہ ہو تو حال کو ضرور مقدم کرتے ہیں جیسے: جَاءَنِیْ رَاکِبًا رَجُلٌ۔ بعض اوقات حال جملہ بھی ہوتا ہے جیسے: رَاَیْتُ الْاَمِیْرَ وَهُوَ رَاکِبٌ۔

تمیز: وہ اسم ہے جو ابہام کو دور کرے۔ عدد میں جیسے: عِنْدِیْ اَحَدَ عَشَرَ رَجُلًا۔ وزن میں جیسے: عِنْدِیْ رِطْلٌ زَیْتًا۔ کیل میں جیسے: عِنْدِیْ قَفِیْزَانِ بُرًّا۔ پیمائش میں جیسے: مَا فِی السَّمَاءِ قَدْرُ رَاحَۃٍ سَحَابًا۔

مفعول بہ: وہ اسم ہے جس پر فاعل کا فعل واقع ہوتا ہے جیسے: ضَرَبَ زَیْدٌ عَمْرًا میں عَمْرًا مفعول بہ ہے۔

یہ تمام منصوبات جملہ کے مکمل ہونے کے بعد آتے ہیں کیونکہ جملہ فعل اور فاعل سے پورا ہو جاتا ہے اسی لیے کہا جاتا ہے کہ: المنصوبات فَضلۃ یعنی منصوبات زائد ہوتے ہیں۔

فاعل کی دو قسمیں ہیں: مظہر (ظاہر) جیسے: ضَرَبَ زَیْدٌ میں زَیْدٌ ہے۔ اور مضمر

(ضمیر) جیسے: ضَرَبْتُ میں تاء ضمیر ہے۔ فاعل مضمر کی دو قسمیں ہیں: ضمیر بارز جیسے ضربت اور ضمیر مستتر یعنی پوشیدہ جیسے: زَیْدٌ ضَرَبَ میں ھُوَ ضمیر ہے جو ضَرَبَ میں پوشیدہ ہے۔

اگر فاعل مونث حقیقی ہو یا مونث کی ضمیر ہو تو دونوں صورتوں میں فعل کو مونث کے صیغہ سے لانا ضروری ہے جیسے: قَامَتْ ھِنْدٌ ۔ اور ھِنْدٌ قَامَتْ ۔ یہاں فاعل ھِیَ ضمیر ہے جو قامت میں مستتر ہے۔ لیکن اگر فاعل مونث غیر حقیقی ہو یا جمع مکسّر ہو تو فعل کو مذکر یا مونث دونوں طرح لا سکتے ہیں جیسے: طَلَعَ الشَّمْسُ وَ طَلَعَتِ الشَّمْسُ۔ قَالَ الرِّجَالُ وَ قَالَتِ الرِّجَالُ۔

فعل کی دوسری قسم فعل مجہول ہے اور یہ وہ فعل ہے جس کا فاعل معلوم نہ ہو۔ یہ فعل فاعل کی بجائے مفعول بہ کو رفع دیتا ہے اور باقی مفعولات کو نصب دیتا ہے جیسے: ضُرِبَ زَیْدٌ یَوْمَ الْجُمُعَةِ اِمَامَ الْاَمِیْرِ ضَرْبًا شَدِیْدًا فِیْ دَارِہٖ تَادِیْبًا وَالْخَشْبَةَ۔

فعل مجہول کو فعل مَالَمْ یُسَمَّ فَاعِلُہٗ کہتے ہیں اور اس کے نائب فاعل کو مفعول مَالَمْ یُسَمَّ فَاعِلُہٗ یا نائب فاعل کہتے ہیں۔

فعل متعدی کی چار قسمیں ہیں: اول: وہ فعل متعدی جو ایک مفعول کو چاہے جیسے: ضَرَبَ زَیْدٌ عَمْرًا ۔ دوم: وہ فعل متعدی جو دو مفعول چاہے لیکن ایک مفعول کا حذف کرنا بھی درست ہو۔ جیسے: اَعْطَیْتُ زَیْدًا دِرْھَمًا یہاں اَعْطَیْتُ زَیْدًا کہنا بھی درست ہے۔ سوم: وہ فعل متعدی جو دو مفعول چاہے اور کسی مفعول کا حذف کرنا جائز نہ ہو بلکہ دونوں مفعول لانا ضروری ہو۔ یہ افعال قلوب کا خاصہ ہے۔ افعال قلوب یہ ہیں: عَلِمْتُ ، حَسِبْتُ ، خِلْتُ ، زَعَمْتُ ، رَاَیْتُ ، وَجَدْتُ ، جیسے عَلِمْتُ زَیْدًا فَاضِلًا اور ظَنَنْتُ زَیْدًا عَالِمًا۔ چہارم: وہ فعل متعدی کی جس کے تین مفعول آتے ہیں اسے متعدی بسہ مفعول کہتے ہیں۔ یہ مندرجہ ذیل افعال ہیں: اَعْلَمَ ۔ اَرٰی ۔ اَنْبَاءَ ۔ اَخْبَرَ ۔ خَبَّرَ ۔ نَبَّاءَ ۔ حَدَّثَ جیسے: اَعْلَمَ اللّٰہُ زَیْدًا عَمْرًوا فَاضِلًا ۔ یہ تمام مفعول، مفعول بہ ہیں۔ عَلِمْتُ کا دوسرا مفعول، اَعْلَمْتُ کا تیسرا مفعول۔ نیز مفعول لہٗ اور مفعول معہٗ، فاعل کے قائم مقام نہیں ہو سکتے

Islam The World Religion

، جبکہ باقی مفعول نائب فاعل بن سکتے ہیں۔ اَعۡطَیۡتُ کے باب میں دوسرے مفعول کی نسبت پہلے مفعول کونائب فاعل بنانا زیادہ مناسب ہے۔

افعال ناقصہ سترہ ہیں: کَانَ، صَارَ، ظَلَّ، بَاتَ، اَصۡبَحَ، اَضۡحٰی، اَمۡسٰی، عَادَ، اٰضَ، غَدَا، رَاحَ، مَازَالَ، مَاانۡفَكَّ، مَابَرِحَ، مَافَتِئَ، مَادَامَ، لَیۡسَ۔

یہ افعال صرف فاعل پر مکمل نہیں ہوتے، بلکہ خبر کے محتاج ہوتے ہیں، اسی لیے انہیں افعال ناقصہ کہتے ہیں۔ یہ افعال جملہ اسمیہ پر داخل ہوتے ہیں جیسے: کَانَ زَیۡدٌ قَائِمًا۔ زَیۡدٌ کو کَانَ کا اسم اور قَائِمًا کوکان کی خبر کہتے ہیں۔ یہ اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں۔ باقی افعالِ ناقصہ کو بھی اسی پر قیاس کرلیں۔

افعال ناقصہ بعض حالات میں تنہاء فاعل سے بھی مکمل ہوجاتے ہیں جیسے: کَانَ مَطَرٌ (بارش ہوئی) یہاں کان، حصل کے معنی میں ہے۔ اس کو کَانَ تامہ کہتے ہیں۔ کان بعض اوقات زائدہ بھی ہوتا ہے۔

افعال مقاربہ چار ہیں: عَسٰی، کَادَ، کَرُبَ، اَوۡشَكَ۔ یہ افعال جمہ اسمیہ پر داخل ہوتے ہیں اور کَانَ کی طرح اپنے اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں لیکن ان کی خبر فعل مضارع ہوتو جس کے شروع میں بعض اوقات لفظ اَنۡ آتا ہے جیسے: عَسٰی زَیۡدٌ اَنۡ یَّخۡرُجَ اور کبھی اَنۡ کے بغیر ہوتا ہے جیسے: عَسٰی زَیۡدٌ یَّخۡرُجُ۔

ممکن ہے کہ فعل مضارع لفظ اَنۡ کے ساتھ مل کر عَسٰی کا فاعل ہو اور عسی کو خبر کی ضرورت نہ رہے جیسے: عَسٰی زَیۡدٌ اَنۡ یَّخۡرُجَ۔ اس صورت میں فعل مضارع محل رفع میں ہونے کی وجہ سے مصدر کے معنی میں ہوتا ہے۔ یعنی عَسٰی خُرُوۡجُ زَیۡدٍ۔

افعال مدح وذم چار ہیں: نِعۡمَ، بِئۡسَ، حَبَّذَا، سَآءَ۔ نِعۡمَ اور حَبَّذَا مدح کے لیے اور بِئۡسَ اور سَآءَ ذم کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ ان چاروں افعال کے فاعل کے بعد آنے والا اسم مخصوص بالمدح یا مخصوص بالذم کہلاتا ہے۔ حَبَّذَا کے علاوہ افعالِ مدح وذم

IslamTheWorldReligion

کے فاعل کے لیے شرط یہ ہے کہ: معرف باللام ہو جیسے: نِعْمَ الرَّجُلُ زَیْدٌ۔ یا معرف باللام کی طرف مضاف ہو جیسے: نِعْمَ صَاحِبُ الْقَوْمِ زَیْدٌ۔ یا فاعل ضمیر مستتر ہو اور اس کی تمیز نکرہ منصوبہ ہو جیسے: نِعْمَ رَجُلًا زَیْدٌ۔ نعم کا فاعل هُوَ ہے اور رَجُلًا تمیز ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ کیونکہ هُوَ ضمیر میں ابہام ہے۔ حَبَّذَا زَیْدٌ میں حَبَّ فعل مدح ہے ذَا اس کا فاعل ہے اور زید مخصوص بالمدح ہے۔ اسی طرح بِئْسَ اور سَآءَ بھی عمل کرتے ہیں۔

ثلاثی مجرد کے ہر مصدر سے افعال تعجب کے دو صیغے ہوتے ہیں: اولاً مَا اَفْعَلَهٗ جیسے: مَا اَحْسَنَ زَیْدًا۔ مَا، اَیُّ شَیْءٍ کے معنی میں ہے اور مبتدا ہونے کی وجہ سے محل رفع میں واقع ہے۔ اَحْسَنَ خبر ہونے کی وجہ سے محل رفع میں ہے، اَحْسَنَ کا فاعل هُوَ ضمیر مستتر ہے اور زَیْدًا مفعول بہ ہے۔ دوم: اَفْعِلْ بِهٖ جیسے اَحْسِنْ بِزَیْدٍ۔ اَحْسِنْ لفظاً صیغہ امر ہے جو خبر کے معنی میں ہے۔ اصل عبارت اس طرح ہے: اَحْسَنَ زَیْدٌ یعنی صَارَ زَیْدٌ ذَا حُسْنٍ۔ اَحْسِنْ بِزَیْدٍ میں با زائدہ ہے۔

اسمائے عاملہ

ان کی گیارہ قسمیں ہیں۔ اول: اسمائے شرطیہ جو اِنْ کے معنی میں ہوں۔ یہ نو ہیں: مَنْ، مَا، اَیْنَ، مَتٰی، اَیُّ، اَنّٰی، اِذْمَا، حَیْثُمَا، مَهْمَا۔ یہ اسماء فعل مضارع کو جزم دیتے ہیں جیسے: مَنْ تضرب اضرب۔ ما تفعل افعل۔ متی تقم اقم۔ این تجلس اجلس۔ ای شیء تاکل آکل۔ انی تکتب اکتب۔ اذما تسافر اسافر۔ حیثما تقصد اقصد۔ مهما تقعد اقعد۔

دوم: اسمائے افعال بمعنی ماضی جیسے: هَیْهَاتَ شَتَّانَ۔ سَرْعَانَ۔ یہ اپنے اسم کو فاعل ہونے کی بنا پر رفع دیتے ہیں جیسے: هَیْهَاتَ یَوْمُ الْعِیْدِ، ای بَعُدَ یَوْمُ الْعِیْدِ۔

سوم: اسمائے افعال بمعنی امر حاضر جیسے: رُوَیْدَ۔ بَلْهَ۔ حَیَّهَلْ۔ عَلَیْكَ۔ دُوْنَكَ۔ هَا۔ یہ اپنے اسم کو مفعول ہونے کی بنا پر نصب دیتے جیسے: روید زیدا۔ یعنی امهله۔

Islam The World Religion

چہارم: اسمِ فاعل جو حال یا استقبال کے معنی میں ہو۔ یہ اپنے فعل معروف کی طرح عمل کرتا ہے بشرطیکہ اس کا اعتماد اپنے سے پہلے لفظ پر ہو۔ وہ لفظ مبتدا ہوتا ہے۔ فعل لازم میں جیسے: زید قائم ابوہ۔ اور فعل متعدی میں جیسے: زید ضارب ابوہ عمرا ۔ یہاں زید مبتدا ہے۔ یا موصوف ہو جیسے: مررت برجل ضارب ابوہ بکرا ۔ یا موصول ہو جیسے: جاءنی القائم ابوہ ۔ اور: جاءنی الضارب ابوہ بکرا۔ پہلی مثال لازم کی اور دوسری متعدی کی ہے اور ان میں القائم اور الضارب کا الف لام الذی یعنی اسمِ موصول کے معنی میں ہے۔ یا اس سے پہلے ذوالحال ہو جیسے: جاءنی زید راکبا غلامہ فرسا میں زید ذوالحال ہے۔ یا اس سے پہلے ہمزۂ استفہام ہو جیسے: اضارب زیدٌ عمراً ۔ یا اس سے پہلے حرفِ نفی ہو جیسے: ما قائمٌ زیدٌ میں ما حرف نفی ہے۔ جو عمل قام (فعل لازم) اور ضرب (فعل متعدی کرتے ہیں وہی عمل قائم اور ضارب کرتے ہیں۔

پنجم: اسمِ مفعول: بمعنی حال و استقبال اپنے فعل مجہول والا عمل کرتا ہے۔ بشرطِ اعتماد مذکور (انہی چھ چیزوں پر)۔ جیسے: زید مضروب ابوہ ۔ عمرو معطی غلامہ درھما ۔ بکر معلوم ابنُہ فاضلا ۔ خالد مخبَر ابنُہ عمرا فاضلا ۔ جو عمل ضرب ، اعطی ، علم اور اخبر کرتے ہیں وہی عمل مضروب ، معطی ، معلوم اور مخبر کرتے ہیں۔

ششم صفتِ مشبہ: صفتِ مشبہ وہ اسم ہے جو فعل لازم سے مشتق ہوتی ہے جیسے حَسَنٌ مشتق ہوا ہے حَسُنَ سے۔ یہ اس ذات پر دلالت کرتا ہے جس میں یہ صفت دائمی ہو، حادث اور وقتی نہ ہو جیسے: حَسُنَ ایک دائمی چیز ہے، ضَرَبَ کی طرح وقتی نہیں ہے۔ یہ بھی اپنے فعل والا عمل کرتی ہے بشرطیکہ مذکورہ بالا چھ چیزوں میں سے کسی ایک پر اعتماد ہو جیسے: زیدٌ حسنٌ غلامُہٗ ۔ جو عمل حَسُنَ (فعل) کرتا ہے وہی عمل حَسَنٌ صفتِ مشبہ کرتی ہے۔ زیدٌ مبتداء ہے، حسنٌ صفت مشبہ ہے، اور غلامُہٗ اس کا فاعل ہے۔ صفتِ مشبہ اپنے فاعل سے مل کر خبر بنی۔ مبتداء اور خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ہفتم اسمِ تفضیل: اس کا استعمال تین طرح ہوتا ہے: مِنۡ کے ساتھ جیسے: زید

Islam The World Religion

افضل من عمرو۔ الف ولام کے ساتھ جیسے: جاءنی زیدن الافضل۔ اضافت کے ساتھ جیسے: زیدن افضل اقوم۔ اسم تفضیل اپنے فاعل میں عمل کرتا ہے اور وہ فاعل ھُوَ کی ضمیر ہے جو افضل میں پوشیدہ ہے۔

ہشتم مصدر: بشرطیکہ مفعول مطلق نہ ہو۔ یہ اپنے فعل کا عمل کرتا ہے جیسے: اعجبنی ضرب زیدن عمرا۔

نہم اسم مضاف: یہ مضاف الیہ کر جر دیتا ہے جیسے: جاءنی غلام زیدن۔ یہاں لام پوشیدہ ہے، اصل عبارت یوں تھی: جاءنی غلام لزیدن۔

دہم اسم تام: یہ تمیز کو نصب دیتا ہے۔ اسم کے تام ہونے کی چند صورتیں ہیں: تنوین کے ساتھ تام ہوتا ہے جیسے: ما فی السماء قدرُ راحةٍ سحابا۔ یا تقدیر تنوین کے ساتھ جیسے: عندی احد عشر رجلا۔ اور زید اکثر منك مالا۔ یا نون تثنیہ کے ساتھ جیسے: عندی قفیزان برا۔ یا نونِ جمع کے ساتھ جیسے: هل ننبئکم بالاخسرین اعمالا۔ یا مشابہ نونِ جمع کے ساتھ جیسے: عندی عشرون درهما۔ تسعون تک۔ یا اضافت کے ساتھ جیسے: عندی مِلْئُهٗ عسلا۔

یازدہم اسمائے کنایہ: عدد سے اسمائے کنایہ دو لفظ ہیں: کم، کذا۔ کم کی دو قسمیں ہیں: کم خبریہ، کم استفہامیہ۔ کم استفہامیہ اور کذا تمیز کو نصب دیتے ہیں جیسے: کم رجلا عندك۔ اور کذا کی مثال ہے: عندی کذا درهما۔ کم خبریہ تمیز کو جر دیتا ہے جیسے: کم مال انفقت اور کم دار بنیت۔ بعض اوقات کم خبریہ کی تمیز پر مِنْ جار بھی آتا ہے جیسے: اللہ تعالیٰ کا قول ہے: کم مِنْ مَلكٍ فِی السمٰوٰت۔

قسمِ دوم عوامل معنوی

معنوی عوامل کی دو قسمیں ہیں: اول ابتداء یعنی اسم کا لفظی عوامل سے خالی ہونا۔ یہ مبتداء اور خبر کو رفع دیتا ہے جیسے: زیدن قائم۔ زیدٌ مبتدا ہے اور قائمٌ اس کی خبر ہے۔ دونوں

Islam The World Religion

ابتداء کی وجہ سے مرفوع ہیں۔

یہاں دو مذہب اور بھی ہیں۔ ایک یہ کہ مبتداء میں ابتداء عامل ہے اور خبر میں مبتداء عمل کرتا ہے۔ دوسرا یہ کہ مبتدا اور خبر میں سے ہر ایک، دوسرے کے لیے عامل ہے۔

دوم فعل مضارع کا ناصب اور جازم سے خالی ہونا: یہ مضارع کو رفع دیتا ہے جیسے: یضربُ زیدٌ میں یضربُ۔ یہاں یضربُ مرفوع ہے حالانکہ کسی ناصب یا جازم سے خالی ہے۔ بحمد اللہ تعالیٰ عوامل کی بحث مکمل ہوئی۔

توابع کا بیان

تابع کسی لفظ کے بعد آنے والا دوسرا لفظ ہوتا ہے جو اعراب میں ایک جہت سے پہلے لفظ کے مطابق ہوتا ہے۔ پہلے لفظ کو متبوع کہتے ہیں۔ تابع کا حکم یہ ہے وہ ہمیشہ اعراب میں متبوع کے موافق ہوتا ہے۔ تابع کی پانچ اقسام ہیں: صفت، تاکید، بدل، عطف بحرف، عطفِ بیان۔

اول صفت: صفت وہ تابع ہے جو اس معنی پر دلالت کرے جو متبوع میں پایا جائے جیسے: جاءنی رجل عالم۔ یا اس معنی پر دلالت کرے جو متبوع کے متعلق میں پایا جائے جیسے: جاءنی رجل حسنٌ غلامُہٗ یا عالمٌ ابُوہٗ۔

پہلی قسم (جو اس معنی پر دلالت کرے جو متبوع میں پایا جائے)، یہ صفت دس چیزوں میں اپنے متبوع کے موافق ہوتی ہے: تعریف، تنکیر، تذکیر، تانیث، واحد، تثنیہ، جمع، رفع، نصب، جر جیسے: عندی رجل عالم۔ و رجلان علمان۔ و رجال عالمون۔ و امراۃ عالمۃ۔ و امراتان عالمتان۔ و نسوۃ عالمات۔ دوسری قسم میں صفت پانچ چیزوں میں اپنے متبوع کے موافق ہوتی ہے: تعریف، تنکیر، رفع، نصب، جر جیسے: جاءنی رجل عالم ابوہ۔

واضح رہے کہ: نکرہ کی صفت جملہ خبریہ آسکتی ہے جیسے: جاءنی رجل ابوہ عالم۔ لیکن اس جملہ میں ایسی ضمیر کا پایا جانا ضروری ہے جو نکرہ کی طرف لوٹ رہی ہو۔

Islam The World Religion

دوم تاکید: تاکید وہ تابع ہے جو متبوع کی حالت کو نسبت یا شمولیت میں مؤکد کر دیتا ہے تاکہ سننے والے کو کوئی شک نہ رہے۔ تاکید کی دو قسمیں ہیں: تاکید لفظی، تاکید معنوی۔ تاکید لفظی: لفظ کے تکرار کے ساتھ آتی ہے جیسے: زیدٌ زیدٌ قائمٌ۔ ضرب ضرب زیدٌ۔ اِنَّ اِنَّ زیداً قائمٌ۔ تاکید معنوی آٹھ الفاظ کے ذریعے ہوتی ہے: نفس، عین، کلا و کلتا، کل، اجمع، اکتع، ابتع، ابصع۔ جیسے: جاءنی زید نفسُه۔ جاءنی الزیدان انفسُهما۔ جاءنی الزیدون انفسُهم۔ لفظِ عین کو لفظ نفس پر قیاس کر لیں۔ جاءنی الزیدان کلاهما۔ والهندان کلتاهما۔ کلا اور کلتا تثنیہ کے ساتھ خاص ہیں۔ اور جاءنی القوم کلهم اجمعون و اکتعون و ابتعون و ابصعون۔ اکتع ابتع اور ابصع تینوں اجمع کے تابع ہیں، یہ تینوں اجمع کے بغیر نہیں آتے اور نہ اس پر مقدم ہوتے ہیں۔

سوم بدل: وہ تابع ہے جو نسبت سے اصل مقصود ہوتا ہے، اس کا متبوع مقصود نہیں ہوتا (یُنسب الیه ما نُسب الیٰ متبوعه وهو المقصود بالنسبة دون متبوعه)۔

بدل کی چار قسمیں ہیں: بدل الکل، بدل البعض، بدل الاشتمال، بدل الغلط۔

بدل الکل: وہ بدل ہے کہ اس کا اور مبدل منه کا مدلول ایک ہی ہوتا ہے جیسے: جاءنی زید اخوك۔ بدل البعض: وہ بدل ہے کہ اس کا مدلول، مبدل منه کا جزء ہوتا ہے جیسے: ضُرِب زیدٌ راسُه۔ بدل الاشتمال: وہ بدل ہے جس کا مدلول، مبدل منه سے کچھ تعلق رکھتا ہے جیسے: سلب زید ثوبه۔ بدل الغلط: وہ بدل ہے جو غلطی کے بعد دوسرے صحیح لفظ کے ساتھ ذکر کیا جائے جیسے: مررت برجل حمار۔

چہارم عطف بحرف: یہ وہ تابع ہے جو اپنے متبوع کے ساتھ مل کر نسبت سے مقصود ہوتا ہے اور دونوں کے درمیان حرفِ عطف ہوتا ہے جیسے: جاءنی زید و عمرو۔ حروفِ عطف دس ہیں جو انشاء اللہ آگے چل کر بیان کیے جائیں گے۔ عطف بحرف کو عطفِ نسق (ترتیب وار بات کرنا) بھی کہتے ہیں۔

پنجم عطفِ بیان: یہ وہ تابع ہے جو صفت تو نہیں ہوتا لیکن اپنے متبوع کو خوب واضح کر

Islam The World Religion

دیتا ہے جیسے: اقسم باللہ ابو حفص عمر۔ اور جاءنی زید ابو عمرو۔ شخصیت واضح کرنے کے لیے زیادہ مشہور لفظ بعد میں لایا جاتا ہے۔

حروفِ غیر عاملہ

حروفِ غیر عاملہ کی سولہ قسمیں ہیں: اول حروفِ تنبیہ: یہ تین حروف ہیں: الا، اما، ھا۔

دوم حروفِ ایجاب: یہ چھ حروف ہیں: نعم، بلیٰ، اجل، ای، جیر، ان۔

سوم حروفِ تفسیر: یہ دو حرف ہیں: اَیْ اور اَنْ۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: نادینہ ان یا براھیم۔

چہارم حروفِ مصدریہ: یہ تین حروف ہیں: ما، اَنْ، اَنَّ۔ ما اور اَنْ فعل پر داخل ہوکر اسے فعل بمعنیٰ مصدر کر دیتے ہیں۔

پنجم حروفِ تحضیض: یہ چار حروف ہیں: اَلَّا، ھَلَّا، لَوْلَا، لَوْمَا۔

ششم حرفِ توقع: یہ حرف قَدْ ہے جو ماضی میں تحقیق کے لیے اور ماضی کو حال کے قریب کرنے کے لے آتا ہے اور مضارع پر قلت کے لیے آتا ہے۔

ہفتم حروفِ استفہام۔ یہ تین ہیں: ما، ھمزہ، ھل۔

ہشتم حروفِ ردع۔ یہ حرف کَلَّا ہے، جو روکنے اور منع کرنے کے معنی میں آتا ہے اور بعض اوقات حَقًّا کے معنی میں بھی آتا ہے، یعنی جملہ کو ثابت کرنے کیلیے جیسے: کلا سوف تعلمون۔

نہم تنوین: تنوین کی پانچ قسمیں ہیں: تنوینِ تمکن: جیسے زیدٌ۔ تنوینِ تنکیر: جیسے صَہٍ یعنی صہ ای اُسکت سکوتا مَّا فی وقت مَّا کسی وقت کسی قسم کی خاموشی اختیار کر۔ اگر لفظ صَہْ تنوین کے بغیر آئے تو اس کا معنی ہے کہ اُسْکُتِ السُّکُوتَ الْآنَ اس وقت خاموشی اختیار کر۔ تنوینِ عوض: جیسے: یومئذ۔ یعنی یوم اذ کان کذا (تنوین کان کذا کی جگہ ہے)۔ تنوینِ مقابلہ: جیسے مسلماتٍ۔ تنوینِ ترنم: یہ تنوین شعروں کے آخر میں آتی ہے جیسے:

اَقِلِّی للوْمَ عَاذِلَ وَالْعِتَابَنْ
وَقُوْلِی اِنْ اَصَبْتُ لَقَدْ اَصَابَنْ

Islam The World Religion

تنوینِ ترنم اسم، فعل اور حرف تینوں پر آتی ہے، جبکہ پہلی چار قسم قسمیں اسم کے ساتھ خاص ہیں۔

دہم نونِ تاکید: فعل مضارع کے آخر میں نون ثقیلہ اور خفیفہ تاکید کے لیے آتا ہے جیسے: اضربن اور اضربن۔

یازدہم حروفِ زائدہ: یہ آٹھ حروف ہیں: ان، ما، ان، لا، من، کاف، با، لام (ان میں سے آخری چار حروفِ جارہ بھی ہیں)۔

دوازدہم حروفِ شرط: یہ دو حرف ہیں: اما اور لو۔ اما تفسیر کے لیے آتا ہے اور اس کے جواب میں فا کا لانا ضروری ہوتا ہے۔ جیسے: ارشادِ خداوندی ہے: فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَسَعِيدٌ، فَأَمَّا الَّذِينَ شَقُوا فَفِي النَّارِ، وَأَمَّا الَّذِينَ سُعِدُوا فَفِي الْجَنَّةِ (ھود: 105، 106، 107)۔ حرفِ لَوْ: پہلی بات کی نفی کے سبب دوسری بات کی نفی کے لیے آتا ہے۔ جیسے: لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللهُ لَفَسَدَتَا (الانبیآء: 22)۔

سیزدہم حرفِ لَوْلَا: یہ پہلی بات کے پائے جانے کے سبب دوسری بات کی نفی کے لیے وضع کیا گیا ہے جیسے: لَوْ لَا اَنَّ اَبَابَكْرٍ اُسْتُخْلِفَ مَا عُبِدَ اللهُ (الریاض النضرۃ جلد 1 صفحہ 148)۔

چہاردہم لام مفتوحہ: یہ لام تاکید کے لیے آتا ہے جیسے: لزید افضل من عمرو۔

پانزدہم مَا بمعنی مَادَامَ جیسے: اقوم ما جلس الامیر۔

شانزدہم حرفِ عطف: یہ دس حروف ہیں: واو، فا، ثم، حتّٰی، اِما، او، ام، لا، بل، لکن۔

ہر جملہ کے اصلی جزو صرف دو ہوتے ہیں: مسند اور مسند الیہ۔ اس کے علاوہ تمام چیزیں متعلقاتِ جملہ کہلاتی ہیں۔ ان میں سے آٹھ مرفوعات، بارہ منصوبات اور دو مجرور ہوتی ہیں۔

آپ نے تین قسم کے عوامل پڑھ لیے ہیں: افعالِ عاملہ، اسماء عاملہ اور حروفِ عاملہ۔

